میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم الله الرحمن الرحيم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

بدھ، 19 محرم، 1441ھ | 18/09/2019 | نمبر 1441/03

پریس ریلیز

ہندو ریاست کے ساتھ مشترکہ فوجی مشقیں مقبوضہ کشمیر کے مظلوم مسلمانوں سے غداری ہے

ہندو ریاست کی افواج مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں پر وحشیانہ مظالم ڈھا رہی ہیں، ان کے مردوں کو زخمی اور عورتوں کی عزتوں کو پامال کیا جا رہا ہے، لیکن پھر بھی پتھر دل باجوہ-عمران حکومت بھارت کے ساتھ ایک ہفتے پر مبنی مشترکہ فوجی مشقوں میں حصہ لے رہی ہے جس میں دیگر ممالک کی افواج بھی شامل ہیں۔ 17 ستمبر 2019 کو ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل آصف غفور نے اس بات کی تصدیق کی کہ پاکستان روس میں ہونے والی TSENTR 2019 مشقوں میں شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے ساتھ حصہ لے رہا ہے۔ باجوہ-عمران حکومت ہماری افواج کے شیروں کو مظلوم مسلمانوں کی حمائت میں تو حرکت میں نہیں لائی مگر ہندو ریاست کی افواج کو اس حکومت نے یہ نادر موقع فراہم کر دیا کہ وہ ہمارے لڑنے کے طریقہ کار اور صلاحیتوں سے اچھی طرح آشنا ہو جائے۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ افواجِ پاکستان، جو دنیا کی بہترین افواج میں سے ایک ہیں، ان کی صلاحیتوں کو ایک کھلے دشمن کے سامنے آشکار کر دیا جائے؟ کیسے اتنی اہم معاونت دشمن کو فراہم کی جا سکتی ہے جبکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے صرف اُن مسلمانوں کو مدد فراہم کرنے کا حکم دیا ہے جو دشمن کے ظلم کا شکار ہوں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

وَإِنِ اسْتَنْصَرُوكُمْ فِي الدِّينِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ

"اور اگر وہ تم سے دین (کے معاملات) میں مدد طلب کریں تو تم کو مدد کرنی لازم ہو گی" (الانفال 8:72)۔

کیسے ایسی کھلی غداری کو اس بنیاد پر قبول کیا جا سکتا ہے کہ "اوپر سے آرڈر ہیں" جبکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوقٍ فِي مَعْصِيَةِ اللهِ

"اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی نافرمانی میں مخلوق کی کوئی اطاعت نہیں" (احمد اور ترمذی نے روایت کیا)

اور کیسے ہندو ریاست کے ساتھ مشترکہ فوجی مشقیں قبول کی جا سکتی ہیں جس کا مقصد ہندو ریاست کے ساتھ تعلقات کو "نارملائز" کرنا ہے تاکہ اس کے بعد مقبوضہ کشمیر سے دستبردار ہوا جائے اور خطے میں بھارتی بالادستی قبول کر لی جائے۔

اے افواجِ پاکستان کے شیرو! اتنا کچھ سامنے آ چکا ہے کہ اب آپ پر لازم ہے کہ آپ اس غداری کو فوراً ختم کریں۔ کیا آپ میں کوئی اسعد بن زرارہؓ، اسید بن حضیرؓ یا سعد بن معاذؓ نہیں ہے جو اپنی جان اور فوجی قوت آخرت کے حصول کے لیے لگا دے؟ کیا آپ میں کوئی ایسا صاحبِ ایمان نہیں ہے جو نبوت کے طریقے پر خلافت کے دوبارہ قیام کے لیے نصرۃ فراہم کرے اور انصارؓ کی شاندار مثال کو دہرا دے؟ اب آگے آئیں تاکہ آپ کی قیادت ایسا خلیفہ راشد کرے جو آپ کو دشمن سے لڑنے سے نہ روکے بلکہ میدانِ جنگ میں آپ کی قیادت کرے۔ مسلم نے ابو ہریرہؓ سے روایت کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

إِنَّمَا الْإِمَامُ جُنَّةٌ، يُقَاتَلُ مِنْ وَرَائِهِ، وَيُتَّقَى بِهِ

"یقیناً امام (خلیفہ) ڈھال ہے جس کے ذریعے تم تحفظ حاصل کرتے ہو اور اس کے پیچھے رہ کر لڑتے ہو"۔

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ویب: www.hizb-pakistan.com | انسٹا گرام: https://instagram.com/HTmediaPAK01 | ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK01 | ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK
پوڈکاسٹ: https://anchor.fm/HTmediaPAK | واٹس ایپ نمبر: +90-531-814-7385
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrira.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info